VS
DESKTOP
LAPTOP

ڈیسک ٹاپ با مقابلہ لیپ ٹاپ ...!!!!

آج ہم جاننے کی کوشش کریں گے کہ لیپ ٹاپ اور ڈیسک ٹاپ کمپیوٹر میں کیا فرق ہے ؟

کونسا زیادہ بہتر ہے ؟

فائدے اور نقصانات؟

کارگردگی؟ اچھائی؟ برائی؟ وغیرہ

چلیں سب سے پہلے کچھ چیزیں نوٹ کرتے ہیں ...

قیمت، پورٹیبلٹی، پروسیسر، سٹوریج، کمپوننٹ، سیٹ اپ، سکرین سائز، کی بورڈ، پاور یوزیج، اپ گریڈ، گیمنگ، رپئیرنگ، ،پرفارمنس، طاقت

یہ سب وہ چیزیں ہیں جن کے متعلق فرق ہم نے کمپیوٹر اور لیپ ٹاپ کے درمیان ڈھونڈنا ہے

تو سب سے پہلے بات کرتے ہیں ڈیسک ٹاپ کمپیوٹر کی ----

ڈیسک ٹاپ کمپیوٹر کے فائدے

1= پاور

کیوں کہ یہ براہ راست بجلی پر چلتا ہے تو اس کے تمام حصوں کو زیادہ پاور ملتی رہتی ہے تو وہ آسانی سے اور تیزی سے کام کر سکتا ہے

2 = طاقت

اس میں لوڈ برداشت کرنے کی طاقت موجود ہے اس میں لگے ہوئے پنکھے اس کو گرم ہونے پر تیزی سے ٹھنڈا کرنے کے قابل ہیں جس کی وجہ سے اس کو بغیر مشقت کے یا باقی کمپوننٹس پر دباؤ ڈالے بغیر کام کرنے میں مدد ملتی ہے

3 = سیٹ اپ اور پورٹیبلٹی

اس کو آپ اپنے ساتھ ہر وقت نہیں رکھ سکتے جیسا کی لیپ ٹاپ ..

جس کی وجہ سے اس کے گرنے ٹوٹنے کا خدشہ بہت کم ہوتا ہے

سٹوریج = 4

لیپ ٹاپ کے مقابلے میں اس میں سٹوریج کی زیادہ گنجائش ہو ایک وقت میں ایک سے زیادہ سٹوریج ڈیوائس یعنی ہارڈ ڈسک ایس ایس ڈی رکھنے کا حامل ہے ۔

کمپوننٹ اور اپگریڈ = 5

اس کے سارے کمپوننٹس یعنی ریم، پروسیسر، ہارڈ ڈسک، گرافکس کارڈ، مدر بورڈ، نکالے اور لگائے جا سکتے ہیں

اور ضرورت پڑنے پر اپگریڈ یا تبدیل کئے جا سکتے ہیں ..

سکرین سائز = 6

اس کی سکرین الگ ہوتی ہے جس کو آپ اپنی ضرورت کے لحاظ سے بڑی سکرین میں تبدیل کر سکتے ہیں اس میں گرافکس کارڈ کی مدد سے بڑی سے بڑی ایل سی ڈی،

ایل ای ڈی، سمارٹ ٹی وی ایل ای ڈی، سے کنیکٹ کر کہ اس پر ہائی کوالٹی جیسا کہ 4k یا گرافکس، اور کوالٹی کی وغیرہ گیمنگ وغیرہ انجوائے کر سکتے ہیں۔۔۔

گیمنگ = 7

گیمنگ یا کسی بھی ہیوی اور ملٹی ٹاسکنگ کام کرنے کے لئے یہ بیسٹ ہے کیونکہ یہ ہر لحاظ سے قابل اعتبار ہے لوڈ برداشت کر کے بھی اچھی پرفارمنس دینے کا حامل ہے

8 = ریپئرنگ

اس کے ریپئرنگ کے چانسز زیادہ ہیں

جیسا کہ پاور سپلائی وغیرہ چینج ہو سکتی ہے اندر لگی ہوئی کیبلز وغیرہ نیو مل جاتی ہیں پاور کیبل وی جی اے کیبلز ضرورت پڑنے پر نئی لے سکتے ہیں ریم ہارڈ ڈسک چینج ہو سکتی ہے

سسٹم زیادہ پرانا یا خراب ہونے پر آپ سسٹم نیو سے ایکسچینج کروا کہ اپنا پرانا ہارڈ ڈسک ریم وغیرہ اور باقی چیزیں نیو سسٹم میں لگوا سکتے ہیں

9 = قیمت

مناسب قیمت میں بہتر چیز

لیپ ٹاپ سے سستا اور اچھا اعتبار کا حامل، استعمال کہ بعد بھی بیچنے پر کچھ نہ کچھ فائدہ دے کر جاتا ہے جیسا کہ ایکسچینج---

یہ تھے ڈیسک ٹاپ کے فائدے فائدے اگلے حصے میں ہم لیپ ٹاپ کے فائدے جانیں گے اگلی پوسٹ کا انتظار کیجئے

لائیک اور شیئر ضرور کیجئے

تا کہ دوسروں کو بھی فائدہ ہو

شکریہ